SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release
For immediate Release
November 12, 2016

**ایس ای سی پی مضاربہ سرٹیفکیٹ ہولڈرز کے مفادات کے تحفظ کے لئے پر عزم**

اسلام آباد ۱۲ نومبر: مضاربہ سرٹیفکیٹ ہولڈرز کے مفادات کے تحفظ کے پیش نظر سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) مضاربہ کی مالیاتی کارکردگی اور دیگر معاملات پر گہری نظر رکھے ہوئے ہے۔ اس ضمن میں مضاربہ سے متعلق قوانین کی تعمیل کو یقینی بنانے کے لئے ضروری اقدامات کئے گئے ہیں۔

ایس ای سی پی نے حال ہی میں ریگولیٹری قوانین کی عدم تعمیل پر دو مضاربہ کمپنیوں کے خلاف مناسب اقدامات کئے۔ امید ہے کہ یہ اقدامات مضاربہ مینجمنٹ کمپنیوں میں بہتر کارپوریٹ گورننس اور رسک مینجمنٹ کے نظام کو مستحکم کرنے میں مددگار ثابت ہوں گے۔ ایک مضاربہ کے معاملات کی تحقیقات کے دوران یہ بات سامنے آئی کہ مضاربہ کی مینجمنٹ نے قانون کی مختلف شقوں کی خلاف ورزی کی ہے۔ اس مضاربہ کی جانب سے کی گئی خلاف ورزیوں میں دیگر کے علاوہ مضاربہ کی مالی سٹیٹمنٹ میں متعلقہ پارٹی کے لین دین کا عدم انکشاف یا اسے چھپانا، مضاربہ کے نام پر سرمایہ کاری کی عدم منتقلی، مضاربہ فنڈ سے اخراجات کی ادائیگی کی وصولی وغیرہ شامل ہیں۔ مضاربہ کمپنی کو مضاربہ فنڈ سے غلطی سے ادا کی گئی اخراجات کی رقم واپس کرنے کی ہدایت کی گئی اور مستقبل میں ایسی غلطیوں سے بچنے کے لئے مضاربہ سسٹم اور کنٹرولز کو مستحکم بنانے کی ہدایت کی گئی۔

اسی طرح، ایک دوسرے مضاربہ کیس میں ایس ای سی نے مشاہدہ کیا کہ مضاربہ کی مینجمنٹ نے سٹیک ہولڈرز کے میعادی اکاؤنٹس اور آن لائن گوشوارے ایس ای سی پی کو جمع کرانے کے لازمی تقاضوں کو پورا نہیں کیا۔ یہ مینجمنٹ مضاربہ کمپنی کی رجسٹریشن کی تجدید اور ایس ای سی پی سے مضاربہ کی منظوری حاصل کرنے میں بھی ناکام رہی۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254

مذکورہ دو اکاؤنٹس میں، ایس ای سی پی نے مینجمنٹ کمپنیوں پر مالی جرمانے عائد کئے۔ ان مضاربوں کی انتظامیہ کو اس بات کی بھی ہدایت کی گئی ہے کہ وہ مستقبل میں قانون کے ساتھ مکمل تعمیل کو یقینی بنائیں۔ ایس ای سی پی نے عزم ظاہر کیا ہے کہ مضاربہ کمپنیوں کی جانب سے عوامی فنڈز کو چلائے جانے کے ضمن میں کسی قسم کی غفلت، غلطی، بے ضابطگی یا قانون سے انحراف کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ ایس ای سی پی تمام سرمایہ کاروں کو یقن دہانی کروانا چاہتا ہے کہ سرمایہ کاروں، خصوصاً سرٹیفکیٹ ہولڈرز، کے تحفظ کے سلسلے میں مضاربہ کی نادہندہ مینجمنٹ کمپنیوں کے خلاف سخت ریگولیٹری کارروائیاں کی جائیں گی

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254